# ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

## نوٹیفیکیشن

نمبر 6859/اے ایس آر

مورخہ 19-08-2025

فون: 040-9200526

بجانب: جملہ سربراہان

گورنمنٹ / پرائیویٹ، ہائی / ہائیر سیکنڈری سکولز ملحقہ ساہیوال بورڈ

عنوان:- **تعلیمی ادارہ جات میں جماعت نہم میں بطور ریگولر ری ایڈمیشن برائے سیشن 27-2025**

تمام متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جاری شدہ شیڈول برائے رجسٹریشن جماعت نہم سیشن (27-2025) نمبر 6455-ASR مورخہ 18-04-2025 کی شق نمبر 10 کے تحت ری ایڈمیشن کے لئے درج ذیل شیڈول جاری کیا جا رہا ہے۔

| نمبر شمار | شیڈول | تعلیمی اداروں میں داخلہ کی تاریخ | تعلیمی ادارہ جات میں ری ایڈمیشن، رجسٹریشن کا ڈیٹا آن لائن کرنے، رجسٹریشن فیس جمع کروانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ جمع شدہ رجسٹریشن فیس مبلغ -/2550 روپے فی طالب علم / طالبہ کا آن لائن بنک چالان بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔ |
|---|---|---|---|
| i۔ | جماعت نہم میں ری ایڈمیشن | 20-08-2025<br>تا<br>18-09-2025 | 18-09-2025 |

## ہدایات / قواعد وضوابط برائے ری ایڈمیشن:-

1. بورڈ کے 50 ویں اجلاس مورخہ 17-03-2023 کے فیصلہ کے مطابق جماعت نہم میں ری ایڈمیشن حاصل کرنے والے تمام طلباء وطالبات کے لیے ری ایڈمیشن حاصل کرنے کا عرصہ (01 سال) سے بڑھا کر (05 سال) کر دیا گیا ہے۔ اس سال جماعت نہم سالانہ امتحان 2021 اور اس کے بعد امتحان میں پاس / فیل / غیر حاضر اور بطور ریگولر آن لائن رجسٹرڈ طلباء / طالبات کو جماعت نہم میں مورخہ 18-09-2025 تک ری ایڈمیشن کیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ جماعت دہم کا داخلہ بھیجنے والے اور ایک بار ری ایڈمیشن کی سہولت حاصل کر لینے والے طلباء / طالبات اب دوبارہ جماعت نہم میں ری ایڈمیشن کے اہل نہ ہیں۔ نیز جماعت نہم میں پاس امیدواران اپنا رزلٹ میٹرک برانچ سے منسوخ کروانے کے بعد ری ایڈمیشن حاصل کر سکتے ہیں۔
2. آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی اور جمع شدہ رجسٹریشن فیس کا اصل بنک چالان مورخہ 18-09-2025 کے بعد بورڈ میں جمع کروانے کی صورت میں پہلے مہینے مبلغ -/4000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/5000 روپے جرمانہ عائد ہو گا۔
3. سیشن گیپ کے طالب علم / طالبہ کے ری ایڈمیشن کی صورت میں اس سے بیان حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اول اس امر کہ اس نے سیشن گیپ کے عرصہ میں ساہیوال بورڈ یا کسی بھی دوسرے بورڈ میں جماعت دہم کا داخلہ نہ بھیجا ہے اور نہ ہی امتحان دیا ہے رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی کے ساتھ ارسال کریں۔ بصورت دیگر سربراہ ادارہ ذمہ دار ہو گا۔
4. <u>لیٹ ری ایڈمیشن:</u> مورخہ 18-09-2025 کے بعد امتحانی داخلہ فارمز کے جاری ہونے والے شیڈول کی سنگل فیس کی آخری تاریخ تک مبلغ -/200 روپے یومیہ فی طالب علم / طالبہ جرمانہ کے ساتھ ری ایڈمیشن کیا جا سکتا ہے اس کے بعد ری ایڈمشن کی اجازت ہر گز نہیں ہو گی۔
5. <u>ضروری نوٹ:</u> پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی طرف سے سال 26-2025ء سے میٹرک (نہم، دہم) کیلئے 04 نئے گروپس (سکیم آف سٹڈیز) متعارف کروا دیے گئے ہیں جن کا نوٹیفیکیشن بورڈ ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔ جو طلباء / طالبات ان میں سے کسی بھی ایک گروپ کو بشرطِ دستیابی ٹیکسٹ بک اختیار کرنا چاہیں تو اختیار کر سکتے ہیں۔

پروفیسر محمد فیاض سلیمی

(سیکرٹری)

**کاپی برائے اطلاع:**

1. پی ایس برائے چیئرمین
2. پی اے برائے کنٹرولر امتحانات / سیکرٹری
3. جناب RCO بورڈ ہذا
4. جملہ آفیسران بورڈ ہذا
5. چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن
6. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
7. آفس فائل

Scanned with CamScanner